2019 年 5 月 12 日ジャング紙ラホール版 1 面

11 تنظیموں پر پابندی

کالعدم جیش محمد، جماعت الدعوۃ، فلاح انسانیت سے تعلق اور معاونت کا الزام نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد تیز کر دیا گیا، وفاقی وزارت داخلہ

جن تنظیموں پر پابندی عائد کی گئی ہے ان میں الانفال ٹرسٹ، ادارہ خدمت خلق، الدعوۃ الارشاد، الفضل فاؤنڈیشن ٹرسٹ الحمد ٹرسٹ لاہور فیصل آباد، موسک اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ اور المدینہ فاؤنڈیشن شامل ہیں

معاذ بن جبل ایجوکیشن ٹرسٹ، الایثار فاؤنڈیشن، الرحمت ٹرسٹ آرگنائزیشن بہاولپور اور الفرقان ٹرسٹ کراچی بھی شامل ہیں، پاکستان نے اقدام منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے FATF کے شدید دباؤ پر کیا

اسلام آباد، لاہور (اپنے نامہ نگار سے، مانیٹرنگ سیل، نیوز ایجنسی) وزارت داخلہ نے کالعدم جیش محمد، جماعت الدعوۃ اور فلاح انسانیت فاونڈیشن سے تعلق اور معاونت کے الزام 11 تنظیموں پر پابندی عائد کر دی۔ وزارت داخلہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق تنظیموں پر پابندی نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد مزید تیز کرنے کے سلسلے میں لگائی گئی۔ جن تنظیموں پر پہابندی عائد کی گئی ہے، ان میں الانفال ٹرسٹ لاہور، ادارہ خدمت خلق لاہور، الدعوۃ الارشاد، الحمد ٹرسٹ لاہور و فیصل آباد پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ اسکے علاوہ الفضل فاؤنڈیشن ٹرسٹ لاہور، موسک اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ، المدینہ فاؤنڈیشن لاہور، معاذ بن جبل ایجوکیشن ٹرسٹ لاہور، الایثار فاؤنڈیشن لاہور، الرحمت ٹرسٹ آرگنائزیشن بہاولپور اور الفرقان ٹرسٹ کراچی پابندی کی فہرست میں شامل ہیں۔ ان تنظیموں پر جماعت الدعوہ، فلاح انسانیت فاؤنڈیشن اور جیش محمد سے تعلق اور معاونت کا الزام ہے۔ رواں سال فروری میں حکومت پاکستان نے جماعت الدعوۃ اور اس سے منسلک تنظیم فلاح انسانیت فاؤنڈیشن پر پابندی عائد کی تھی جبکہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے رواں ماہ کالعدم تنظیم جیش محمد کے سربراہ مسعود اظہر کا نام عالمی دہشت گردوں کی فہرست میں شامل کر دیا ہے۔ بین الاقوامی ادارے فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) کی جانب سے پاکستان پر دہشت گردی کی مالی معاونت روکنے اور منی لانڈرنگ کے خاتمے کیلئے شدید دباؤ ہے جسکے نتیجے میں حکومت نے متعدد اقدامات کیے ہیں۔